Total Marks:60 | **Class:10th** | Time:2.10min

Subject:Urdu(Subjective)

سوال نمبر2۔درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کریں۔(حصہ نظم سے تین اشعار اور حصہ غزل سے دو اشعار)(2x5)

حصہ نظم

1	میاں شُتر کو مبارک یہ رشتہ شادی	اس کو کہتے ہیں اردو میں قیدِ آزادی
2	پانی تھا آگ، گرمی روز حساب تھی	ماہی جو سیخ موج تک آئی کباب تھی
3	یہ کلی بھی اس گلستان خزاں منظر میں تھی	ایسی چنگاری بھی یارب اپنی خاکستر میں تھی!
4	وہی خالق ہے دل کا دل کے نیک ارادوں کا	وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا

حصہ غزل

1	اک شمع بجھائی تو کئی اور جلا لیں	ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں
2	سر میں سودا بھی نہیں، دل میں تمنا بھی نہیں	لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں
3	آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا	رنگ ، تیری ہنسی سے ملتا ہے

سوال نمبر:3۔درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی(10=5+5) بھی لکھیں۔

1 مرزا صاحب دلّی کے شرفاء کے ایک متموّل خاندان کے چشم وچراغ تھے۔ تِراہا بیرم خان سے آگے بڑھ کر ایک راستہ سیدھے ہاتھ کو مڑ جاتا ہے، اسی کے نکڑ پر مرزا صاحب کا آبائی مکان تھا۔ اسی علاقے میں سر سید احمد کا قدیم مکان بھی تھا۔ سر سید سے بھی مرزا صاحب کی عزیز داری تھی۔

2 عید کا تصور مسلمانوں کے ہاں محض تہوار منانے اور اچھل کود کو کلچر بنانے پر منحصر نہیں بلکہ اس خوشی کا رشتہ ہماری اقدار میں بہت دور تک جاتا ہے، جس سے عید کے بارے میں اردو شعرا کی تخلیقات کو ایک سمت ہی نہیں ملتی بلکہ ان کا تعلق ہمارے داخلی رویوں کے ساتھ اتنا گہرا ہے کہ ہماری شعری روایت میں یہ عمل صرف یک طرفہ مناظر کشی تک جا کر ختم نہیں ہوتا۔ عید کی شاعری ہماری شعری روایات کا ایک اہم اور ناقابلِ فراموش حصہ ہے۔

paragongrw.com

سوالنمبر4۔درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیں۔(10)

1 چغل خور نے کسان کی بیوی کو کیا کہہ کر بدگمان کیا؟

2 مصنف سجاد حیدر یلدرم کو اپنے بے تکلف دوست بھڑ بھڑیا سے کیا شکایت تھی؟

3 عید الفطر پر نظموں میں شعرا نے کیا باریکیاں پیدا کی ہیں؟

4 نام دیو مالی نے پانی کی قلت کے زمانے میں چمن کو کیسے شاداب کیا؟

5 میر صاحب اور انکی بیوی سیدانی بی کی کس بات سے زیادہ خوش تھے؟

6 سبق "ملمع" میں لڑکی اسٹیشن پر پہنچی تو اس نے سب سے پہلے کیا دیکھا؟

7 مرزا غالب نے میر مہدی حسین مجروح کو خط کب لکھا؟

8 استنبول کا قدیم نام کیا تھا؟

سوال نمبر:5۔درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیں۔(5)

1 استنبول

2 خطوط غالب

سوال نمبر:6۔درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں۔(15)

1 شہری اور دیہاتی زندگی

2 محنت کی برکات

3 حب الوطنی

سوال نمبر:7۔درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیں۔(10)

سراج الدولہ اور ٹیپو سلطان نے انگریزوں کے خلاف کھلم کھلا جنگ کا آغاز کیا۔ فوجی طاقت سے برصغیر کے آزادی طلب عوام کو انگریزوں نے کچلا، مگر جذبہ حریت نہ دب سکا۔ ۱۸۵۷ء تک چنگاریاں چمکتی اور بجھتی رہیں۔ آخر مئی ۱۸۵۷ء کو چنگاری نے شعلہ بن کر فضا کو اپنی گرفت میں لے لیا۔ آگ اور خون کا طوفان اٹھا، اس قیامت خیز ہنگامے میں عوام کا نقصان تو اتنا ہوا جس کا اندازہ لگانا مشکل ہے مگر کمزور عوام نے اک مرتبہ استحصالی طاقت کو مزا تو چکھا ہی دیا۔ توپ و تفنگ نے مظلوم عوام کے تاریخ و ثقافت کے بھرے بھرے محل کھنڈر کر دیے، لوگوں کو تباہ و برباد کر دیا، ملک کا نقشہ پلٹ دیا۔ اب کی مرتبہ یہاں کے قومی رہنماؤں نے سرد جنگ اس کے بعد گرم معرکے کی تیاری کر لی۔ کانگرس، خلافت تحریک اور مسلم لیگ اسی جنگ کے ادارے بنے ان تنظیموں نے عملی حکمتوں سے عوام کو بیدار کیا۔ صفوں کو منظم بنایا اور دشمن کو للکارا اور نئے نئے مورچے بنائے۔ پہلی جنگ عظیم میں آزادی کے امکانا ابھرے، دوسری جنگِ عظیم کے بعد جدوجہد کامیابی کے قریب پہنچ گئی۔ اس مرحلے میں صدیوں حکومت کرنے والی قوم نے قائداعظم کی قیادت میں علامہ اقبال کے خواب کی تعبیر ڈھونڈنا شروع کی۔ اس راہ میں خون کے سمندر اور آگ کے جنگل ملے اور قوم بسم اللہ کہہ کر آگے بڑھی۔ یہ پیش قدمی اللہ کی مدد اور ملت کے اتحاد، تنظیم اور ایمان، قائداعظم کی بصیرت و تدبیر کی بدولت منزل تک پہنچنے کا ذریعہ بنی۔ تنظیم اللہ نے وہ دن دکھایا کہ اللہ اکبر کی گونج میں آزادی کا سورج نکلا اور ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو پاکستان معرضِ وجود میں آگیا۔ اسلامی عقائد و افکار، اسلامی تہذیب و ثقافت، اسلامی قانون و نظامِ عدل و حکومت کے لیے اللہ نے اپنے محبوب نبی آخر الزماں ﷺ کی طفیل مسلمانوں کو ایک مرتبہ پھر سربلندی و افتخار سے نوازا۔

I) سراج الدولہ اور ٹیپو شہید کے بارے مین ایک مختصر پیراگراف لکھیے؟

II) ۱۸۵۷ء میں آزادی کے علم برادروں کا کیا نقصان ہوا؟ چند سطروں میں لکھیے؟

III) علامہ اقبال مرحومہ کے خواب سے کیا مراد ہے؟

IV) سرد جنگ کسے کہتے ہیں؟

V) تہذیب و ثقافت سے آپ کیا مراد لیتے ہیں؟

© 2022 A product of "ParagonSoft" Gujranwala,Pakistan

paragongrw.com